6-ماحول

ہمارے آس پاس کا ماحول جیسے: پیڑ، پودے، جانور، ہواء، پانی، وغیرہ۔ان سبھی چیزوں سے ملکر ماحول بنتا ہے۔ماحول کا توازن اگر کسی وجوہات کی بنا پر بگڑ جاتا ہے۔تو اسکا سیدھا اثر ہماری روزمرہ زندگی پر اور دیگر چرندوں و پرندوں پر پڑھتا ہے۔

مقاصد:

1) ماحول کے بارے میں معلومات حاصل کرنا۔

2) ماحول، آلودگی، آلودہ کن کو سمجھنا۔

3) ماحول اور انسانی صحت پر آلودگی کے اثرات کو سمجھنا۔

4) آلودگی کی روک تھام کے بارے میں جاننا۔

سرگرمی 1:

اُستاد 'ماحول اور آلودگی' لفظ تختہ سیاہ پر لکھ کر ذہنی نقشہ تیار کروائیں۔

طلباء کو بتائیں کہ آپ کے ذہن میں ماحول لفظ کو لیکر جو بھی الفاظ آرہے ہیں انہیں تختہ سیاہ پر لکھیں۔ذہنی نقشہ کی سرگرمی مکمل ہونے کے بعد کچھ اہم الفاظ جیسے: ماحول، آلودگی، ہوائی آلودگی، آبی آلودگی، وغیرہ پر مباحثہ کریں۔

ذیل میں دیئے گئے پیراگراف کو بلند آواز اور واضح تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

ہواء، پانی، پیڑ، پودے، جانور، اور انسان ان سبھی سے ملکر ماحول بنتا ہے۔قدرت نے ان سبھی کی مقدار اور ساخت اس طرح مقرر ہے کہ سیارہ زمین پر توازن برقرار رہے۔مگر آج اس توازن پر آلودگی غالب آگئی ہے۔یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ پچھلے چند سالوں میں جہاں درخت، پیڑ، پودے، کھیت، دلدل وغیرہ ہوا کرتے تھے۔آج وہاں بڑے بڑے مکان، صنعتوں کی تعمیر ہوگئی ہے۔سڑک پر گاڑیوں کی تعداد بڑھتی چلی جارہی ہے۔سب جگہ گاڑیوں کا دھواں اور دھول نظر آرہی ہے۔اس کے علاوہ سڑتے ہوئے کچرے کی بدبو اور شور کی سطح میں بے حساب اضافہ ہوتا جارہا ہے۔

سرگرمی 2:

ذیل میں دیئے گئے سوالات طلباء سے پوچھیں اور جواب طلب کریں۔

1) آلودگی کیسے کہتے ہیں؟

2) آلودگی کتنے اقسام کی ہوتی ہے؟ نام بتائے۔

3) وہ کون کونسی چیزیں ہیں جن سے ماحول آلودہ ہوتا ہے؟

4) آلودگی کا ہماری صحت پر کس طرح اثر پڑتا ہے؟

ذیل میں دیئے گئے پیرا گراف کو بلند آواز اور واضح تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

ماحول میں کسی بھی چیز کا بڑھنا یا کم ہونا اس کی وجہ سے ماحول آلودہ ہو جائے۔آلودگی کہلاتا ہے۔ندیوں میں نہانے سے، جانوروں کو نہلانے سے، کپڑے دھونے سے ندیوں کا پانی آلودہ ہو جاتا ہے۔دھواں اور دھول کی وجہ سے ہوا آلودہ ہو جاتی ہے۔فیکٹریوں کا فضلہ، کوڑے کچرے سے زمین آلودہ ہو جاتی ہے۔اس لئے جن چیزوں کی بنا پر آلودگی پھیلتی ہے اُنہیں آلودکن کہتے ہیں۔آلودکن ہماری صحت کے لیے نقصاندہ ہے۔آلودگی بنیادی طور پر چار اقسام کی ہوتی ہے۔آبی آلودگی، ہوائی آلودگی، شور کی آلودگی، مٹی کی آلودگی۔

سرگرمی 3:

طلباء کو چار گروپ میں تقسیم کریں اور ہر ایک گروپ کو علحدہ علحدہ پرچی (آبی آلودگی، ہوائی آلودگی، شور کی آلودگی، مٹی کی آلودگی) دیں۔سبھی کو اپنے موضوع کے بارے میں درجہ ذیل باتیں بتانی ہیں۔جیسے: وہ کیا ہوتا ہے؟ کیسے ہوتا ہے۔تمام گروپ کو اپنے جواب پیش کش کے ذریعہ بتانے ہونگے۔پیش کش کی تیاری کے لیے انہیں 10 منٹ کا وقت دیا جائیگا۔تمام گروپ کی پیش کش کے بعد ان مدّوں پر طلباء اپنے تعاثرات پیش کریں گے۔

سرگرمی 4:

چاروں گروپ کو اب اپنے اپنےموضوع آلودگی کے حل سوچ کر بتانے ہیں۔آلودگی پر روک تھام کیسے کی جاسکتی ہے؟ پیش کش کے لیے ہر گروپ کو 5 منٹ کا وقت دیا جائیگا۔ ہر گروپ کی پیش کش کے بعد طلباء سے تعاثرات ضرور لیں۔

سرگرمی 5:

طلباء کو چار گروپ میں تقسیم کریں اور ہر ایک گروپ کو علحدہ علحدہ پرچی پر پوسٹر بنانے کو کہیں۔ پوسٹر میں طلباء آلودگی کے اسباب اور اس کی روک تھام کے احکام وغیرہ بنائیں گے۔آخر میں پوسٹر کو جماعت میں لگانا ہے۔ پرچیاں مندرجہ ذیل عنوانات پر مبنی ہوں گی۔

آبی آلودگی، ہوائی آلودگی، شور کی آلودگی، مٹی کی آلودگی۔

نوٹ : اُستاد گروپ میں طلباء کی مدد کرے گا۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

پلاسٹک کی تھیلیاں اور پلاسٹک سے بنی دیگر اشیاء کا ضرورت سے زیادہ استعمال اور پھر غیر ذمہ داری سے انہیں کچرے میں پھیک دینے کی وجہ سے ہماری ندیاں، سمندر، تالاب پوری طرح سے آلودہ ہو چکی ہیں۔ پلاسٹک کو سڑنے گلنے میں ہزاروں سال لگتے ہیں۔اس طرح پلاسٹک جمع ہو جاتی ہے۔اور اسے نکلنے والے زہریلے مادے پانی اور زمین کو آلودہ کرتے ہیں۔ ہماری سمندروں، ندیوں اور تالابوں کے تل پلاسٹک کے کچرے سے بھرے جا رہے ہیں۔اور پانی میں رہنے والے جانوروں کو پوری طرح سے نقصان پہونچا رہے ہیں۔

اہم الفاظ :

ماحول، آلودگی، توازن، صحت مند، شور، ہوا، بیماریاں، فضلہ۔